بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

RISHTA NATA
Ahmadiyya Muslim Jamaat Deutschland

جرمنی میں نکاح سے متعلق راہنمائی

1		**شرائط کو پورا کریں** دولہا اور دلہن جرمنی میں صرف اسی صورت میں نکاح کر سکتے ہیں جب وہ سول میرج (standesamt) اور نظام جماعت کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوں۔
2		**کاؤنسلنگ کروائیں** منگنی کے بعد اور سول میرج سے پہلے لڑکے اور لڑکی کو چاہیے کہ وہ مقامی مربی صاحب سے کاؤنسلنگ کروائیں جس میں لڑکے اور لڑکی کو اگلی زندگی کے بارے میں بہتر رنگ میں سوچنے اور انفرادی طور پر سوالات کرنے کا موقع بھی دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ ازدواجی زندگی سے متعلق اسلامی تعلیمات پر بھی روشنی ڈالی جائے گی۔
3		**نکاح فارم تیار کریں** آپ نکاح فارم سے متعلق کاغذات کی تمام معلومات ہماری ویب سائٹ www.rishtanata.de میں نکاح فولڈر سے حاصل کریں یا ہمارے دفاتر Nord, Mitte, Süd سے حاصل کریں۔
4		**نکاح فارم تصدیق کروائیں** نکاح فارم ہمارے دفاتر Nord, Mitte, Süd سے تصدیق کروائے جا سکتے ہیں۔ نکاح فارم صرف اسی صورت میں تصدیق کئے جائیں گے جب سول میرج ہو چکی ہو یا سول میرج کی ٹرمین مل چکی ہو۔
5		**نکاح پڑھوائیں** نکاح صرف اسی صورت میں پڑھا جا سکتا ہے جب سول میرج ہو چکی ہو اور نکاح فارم شعبہ رشتہ ناطہ سے تصدیق کروا لئے گئے ہوں۔
6		**نکاح رجسٹر کروائیں** نکاح کے بعد تمام نکاح فارم شعبہ رشتہ ناطہ کو واپس بھجوائیں جہاں سے ان کی تصدیق کروائی گئی تھی تاکہ آپ کی شادی کو جماعت میں رجسٹر کیا جا سکے۔

نکاح، طریقہ کار اور چیک لسٹ

مکرم-----------------------------اور مکرمہ-----------------------------------

کاؤنسلنگ تاریخ:	←	حکومتی شادی تاریخ:	←	نکاح فارم کی تصدیق	←	نکاح تاریخ:	←	نکاح فارم کی رجسٹریشن

(1) مرحلہ :کاؤنسلنگ

- کاؤنسلنگ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی ہدایت کے مطابق لازمی ہے جو کہ حکومتی شادی و نکاح سے قبل کروانی ہو گی۔
- کاؤنسلنگ میں لڑکی اور لڑکے کے علاوہ فریقین کے والدین بھی شامل ہوں گے۔ اگر دونوں میں سے ایک فریق کسی دوسرے ملک ہے تو اس کو آن لائن لیا جاسکتا ہے۔
- کاؤنسلنگ کی تاریخ مقرر کرنے کے لئے آپ اپنے حلقہ کے مربی سلسلہ سے خود رابطہ کریں۔ اگر مربی سلسلہ کسی وجہ سے موجود نہیں یا فاصلہ بہت زیادہ ہے تو مشنری انچارج صاحب سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ ایسی کاؤنسلنگ جس پر ایک سال سے زائد عرصہ گزر چکا ہے نکاح فارم کی تصدیق کے لئے قابلِ قبول نہیں ہے۔

(2) مرحلہ: حکومتی شادی

- اس کے لئے قریبی سول میرج آفس Standesamt میں اندراج کروائیں اور ضروری کاغذات جمع کروائیں۔ کسی مشکل کی صورت میں رشتہ ناطہ کے دفتر سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

مطلوبہ کاغذات	لڑکا	لڑکی
	☐	☐
	☐	☐
	☐	☐
	☐	☐
	☐	☐

- اگر آپ کو Standesamt کے لئے Unmarried Certificate درکار ہے تو صدر صاحب کے ذریعہ فارم بھجوائیں اور ساتھ Meldebescheinigung mit Familienstand ساتھ لگائیں۔

(3) مرحلہ: دفتر رشتہ ناطہ سے نکاح فارم کی تصدیق

- نکاح فارم کی تصدیق آپ تین دفاتر Rishta Nata: Zentrale, Süd, Nord سے کرواسکتے ہیں۔

مطلوبہ کاغذات	لڑکا	لڑکی
Meldebescheinigung mit Familienstand (registration certificate with marital status)	☐	☐
فارم تصدیق صدر / لوکل امیر	☐	☐
Urkunde der standesamtlichen Trauung oder Terminbestätigung der standesamtlichen Trauung (certificate 2of the civil wedding or date confirmation of the civil wedding)	☐	
مکمل ٹائپ شدہ نکاح فارم تین مرتبہ علیحدہ علیحدہ صفحات پر پرنٹ کی صورت میں اور دستخط کے ساتھ۔ (چار فارم جب نکاح پاکستان میں ہو)	☐	
صرف دوسری شادی کے لئے		
طلاق کی صورت میں آخری فیصلہ / قانونی طلاق کا سرٹیفکیٹ یعنی حکومتی علیحدگی (rechtskräftig)	☐	☐
جماعتی علیحدگی کے کاغذ یعنی قضیٰ کا فیصلہ	☐	☐
کسی فریق کی وفات کی صورت میں اس کی وفات کا سرٹیفکیٹ	☐	☐

(4) مرحلہ: نکاح (اسلامی شادی) : نکاح فارم کا باقی حصہ نکاح ہو جانے کے بعد تحریری طور پر مکمل کیا جائے گا۔

(5) مرحلہ: رشتہ ناطہ کے دفتر میں نکاح فارم کی رجسٹریشن : نکاح ہو جانے کے بعد اس کی رجسٹریشن کے لئے تمام نکاح فارمز کی کاپیاں شعبہ رشتہ ناطہ کو مہیا کریں۔